09/04/2026
07.40 / PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگرہے ۔ خبروں کا بلیٹن لےکر میںتجمل احمد
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں ۔

ہیڈ لائینز

*........ قانون ساز اداروں میں خواتین کی ریزرویشن بھارتی جمہوریت کو مزید متحرک اور شمولیتی بنانے کی حامل // وزیر اعظم ۔

*........ لیفٹنٹ گورنر نے منشیات کی سمگلنگ کے نیٹ ورک کو تہس نہس کرنے کے لئے لگاتار مہمات چلانے کی دی ہدایت / پولیس کی طرف سے منشیات کے خلاف زوردار مہم جاری ۔

*........ وزیر اعلیٰ نے کشمیر صوبے کے دس اضلاع سے تعلق رکھنے والے 90 کنبوں کے اور امیدواروں کو کئے کے تعیناتی کے آرڈر پیش ۔

*........ شاعر کشمیر پیر زادہ غلام احمد مہجور کی برسی پر وادی میں تقاریب کا انعقاد ۔

مودی

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ قانون ساز اداروں میں خواتین کی ریزرویشن بھارتی جمہوریت کو مزید متحرک اور سب کی شمولیت والا بنانے کیلئے وقت کا تقاضا ہے۔
ایک Op-Ed میں اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ ضروری ہے کہ 2029 کے لوک سبھا انتخابات اور آنے والے وقت میں مختلف ریاستوں کے اسمبلی انتخابات خواتین کی ریزرویشن کے ساتھ ہوں۔

سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر میں منشیات کی سمگلنگ کے نیٹ ورک کو تہس نہس کرنے کے لئے متواتر اور زور دار مہمیں چلانے کے احکامات جاری کئے ہیں ۔
جموں میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران آنے والے سو روزہ نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے منوج سنہا نے اِن مہموں میں طالب علموں، ، سیاسی جماعتوں ، عام لوگوں اور نوجوانوں کی NSS، سکاوٹس اینڈ گائڈس ، رضاکاروں، NCC شرکت بڑھانے پر بھی زور دیا ۔
اس سلسلے میں لیفٹنٹ گورنر 11 اپریل کو جموں میں ایک پَد یاترا کو روانہ کریں گے اور پھر اسی طرح کا ایک پروگرام مئی کے پہلے ہفتے میں سرینگر میں بھی ہو گا ۔ اسی دوران لیفٹنٹ گورنر نے لوک بھون جموں سے آج شری کیلاش جیوتش اور ویدِک سنستھان ٹرسٹ کی طرف سے شائع شدہ کیلاش سندیش Panchang کیلنڈر کو جاری کیا ۔

نشہ

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے لازمی اقدامات کے بارے مینجموں کشمیر کے ایک نامور ادیب اور نقادپدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر شفیع شوق نے آکاشوانی نیوزسرینگر کے ساتھ ایک خصوصی گفتگو میں کہا ۔

کشمیر پولیس
منشیات کے کاروبار کے خلاف جاری کارروائیوں کے تحت کشمیر پولیس نے آج وادی کے مختلف اضلاع میں وسیع اور جامع کاروائیاں انجام دیں۔
پولیس نے اننت ناگ میں بد نام زمانہ ڈرگ سمگلر عمران احمد وانی کی 80لاکھ روپے مالیت کی جائیداد قرق کی ۔
کیلر شوپیان میں پولیس نے اسی طرح کی ایک کارروائی کے دوران محمد شفیع کھانڈے نامی ڈرگ سمگلر کا رہائشی مکان اٹیچ کر دیا ہے ۔ ضلع کے امام صاحب علاقے میں محمد ایوب ڈار نامی ڈرگ سمگلر کی 10لاکھ روپے مالیت کی جائیداد کو اٹیچ کیا ۔
اس دوران سوپور میں پولیس نے رام بن کے رہنے والے قمر علی اور رفیع آباد بارہمولہ کے رہنے والے مرسلین شفیع اور علی محمد یتونامی ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کیا ہے ۔
سوپور پولیس نے ضبط کی گئی منشیات کی ایک بڑی مقدار کو لاسی پورہ پلوامہ میں قائم مخصوص مرکزپر تباہ کیا ۔
ادھر بڈگام پولیس نے ایک کارروائی کے دوران بیروہ کے رہنے والے گلزار احمد میر نامی منشیات فروش کو گرفتار کیا ۔ اُس کے قبضے سے ایک کلو سے زیادہ نشیلی اشیاءبرآمد کی گئی۔
بارہمولہ ضلع کے کریری علاقے میننشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت پولیس کے اہتمام سے بیداری پروگرام اور روڈ مارچ کا انعقاد کیا گیا۔

پروگرام اطلاع
جموں کشمیر میں منشیات کی بدعت -چلینج اور اس مسئلے کا حل " کے موضوع پر آکاشوانی " نیوز سرینگر کا تیار کردہ خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے 8بجے نشر ہوگا۔ پروگرام کے مہمان ہوں گے معروف ادیب پدم شری ایوارڈ یافتہ پروفیسر شفیع شوق۔
ان کے ساتھ ہم کلام ہوں گے شعبہ خبر کے سربراہ طار ق راتھر۔
آج اس سلسلہ وار پروگرام کی پہلی قسط نشر کی جائے گی۔

عمر تعیناتی
وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی سرکار ان ملازمین کے کنبوں کی مالی امداد کے لئے کمر بستہ ہے جو دورانِ ڈیوٹی اس دنیا سے رخصت ہو گئے ہیں ۔
وزیر اعلیٰ آج کشمیر صوبے کے سبھی دس اضلاع سے تعلق رکھنے والے ایسے 90 کنبوں کے امیدواروں کو SRO-43/RAS کے تحت نوکریوں کے آرڈر فراہم کرنے کے موقعہ پر بول رہے تھے ۔ ایک ایسی ہی تقریب رواں ہفتے کے آغاز میں جموں میں بھی منعقد ہوئی تھی ۔
عمر عبداللہ نے تعینات ہونے والے افراد سے کہا کہ وہ لگن اور تندہی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے اپنی ذمہ داری ادا کریں ۔ اس موقعہ پر انہوں نے کہا ۔

سریندر
نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے کہا ہے کہ سرکار جموں کشمیر کی صنعتی ترقی کے لئے پُر عزم ہے ۔

چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری جموں کے صدر ارون گپتا کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران صنعتوں کی ترقی اور بے کار پڑی صنعتی اکائیوں کو تازہ دم کرنے کے معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا ۔
رانا
جل شکتی اور جنگلات و ماحولیات کے وزیر جاوید احمد رانا نے پونچھ ضلعے کے مینڈھر علاقے میں تین کروڑ 19 لاکھ روپے کے سڑک پروجیکٹوں کی شروعات کر کے خطے میں سڑکوں کی تعمیر کے لئے ایک بڑی پہل کا آغاز کیا ہے ۔
اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان سڑکوں کی تعمیر سے مینڈھر علاقے میں رسل و رسائل اور عبور و مرور کی سہولیات بہتر ہو جائیں گی ۔
ڈلو
چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے بھرتی ضوابط سے متعلق حال ہی میں لانچ کئے گئے سنگل وِنڈو کو ای آفس پلیٹ فارم کے ساتھ جوڑنے پر زور دیا ہے ۔ انہوں نے ساتھ ہی ڈیپارٹمنٹل پرموشن کمیٹیز کی میٹنگیں آن لائن منعقد کرنے کے لئے اسی طرح کے ڈیجیٹل نظام متعارف کرنے کی اہمیت بھی اجا گر کی ۔
BISAG-N کی معاونت سے جموں کشمیر میں چلائے جا رہے ای گورننس اقدامات کا جائزہ لے وہ رہے تھے ۔

مہجور
آج شاعر کشمیر پیر زادہ غلام احمدمہجور کو ان کی 74ویں برسی پر شاندار خراج عقیدت ادا کیا گیا ۔ اس سلسلے میں جمونو کشمیر مہجور فاؤنڈیشن کی طرف سے تعلیمی اور دیگر ثقافتی اداروں میں متعدد تقاریب کا انعقاد کیا گیا ، جہاں شاعر کشمیر کی زندگی اور کشمیر کے شعر و ادب کے میدان میں ان کی خدمات کو اُجاگر کیا گیا۔ کئی مقامات پر فنکاروں نے مہجور کا کلام گا کر حاضرین کو محظوظ کیا ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے مایہ ناز ادبی شخصیت پروفیسر شاد رمضان نے ------ مہجور کو ان الفاظ میں اپنا خراج پیش کیا ۔
-----Shad-----

یہ ہیں مشہور افسانہ نگار اور ناول نویس ڈاکٹر سوہن لال کول کے تاثرات ۔
------Sohan------
اسی طرح سےکشمیری زبان کے ایک اور ممتاز افسانہ نگار رحیم رہبر نے مہجور کی شاعری کو ایک انمول میراث قرار دیا ۔
------Raheem------
-----MUSIC◌َ◌َ◌َ◌َ◌َ-------

درخشاں
جمونو کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی نے بھی شاعر کشمیر مرحوم غلام احمد مہجور کو ان کی برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔ انہوں نے کہا ہے کہ مرحوم نے کشمیری شاعری کا ایک منفر داسلوب قائم کرکے اپنا ایک منفرد مقام حاصل کیا ہے ۔
بریک
یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل ا پلیکشن نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منز لیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس Radiokashmir@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں ۔
ہمارے علاقائی نیوز بلیٹن اور پروگرام یوٹیوب ، ایکس اور انسٹاگرام پر بھی دستیاب ہیں ۔

فاروق عبداللہ
نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ عصر حاضر کے مسائل اور چلینجوں کا سامنا اتحاد اور اتفاق کے ذریعے ہی کیا جا سکتا ہے ۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر منعقدہ ایک تقریب کے دوران کیا جو پارٹی کے سینئر لیڈر ایڈوکیٹ چودھری محمد رمضان کے پارٹی کے معاون جنرل سیکریٹری کا عہدہ سنبھالنے کے سلسلے میں منعقد کی گئی تھی ۔
اس دوران ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے پارٹی کے سینئر لیڈر اور سابق ممبر اسمبلی مرحوم غلام قادر میر کو ان کی 32ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے ۔

PDPؒ
جنوبی کشمیر کے کولگام ضلع کے منی اسٹیڈیم میں آج پیپلز ڈیموکرٹیک پارٹی کے اہتمام سے ایک عوامی جلسہ منعقد ہوا ۔جلسے سے پارٹی کے کئی سینئر لیڈروں کے علاوہ سابق وزیر اعلیٰ اور پارٹی کی صدر محبوبہ مفتی نے بھی خطاب کیا۔
اپنی تقریر میں محبوبہ مفتی نے کہا۔

BJP
کرشن کوتوال Daya جموں کشمیرکے لیڈروں نے پارٹی کے سابق پردیش صدر اور ایم ایل سیBJP کوان کی برسی پرخراج عقیدت پیش کیاہے ۔ اس سلسلے میں جموں میں پارٹی کے صدر دفتر پر ایک تقریب پر منعقد ہوئی جس میں پردیش صدر ست شرما اور جنرل سیکریٹری آر گنائزیشن اشوک کول کے علاوہ دیگر کئی لیڈروں نے شرکت کی۔

شاہین
جنتا دل یونائیٹڈ جموں کشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے مخصوص فنڈس کا بر وقت اور منصفانہ استعمال یقینی بنایاجانا چاہئے ۔
ٹنگمرگ میں آج ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں متعلقہ افسروں کو جوابدہ بنانا لازمی ہے ۔

زبیر
معروف معالج اور بزرگوں کے طبی مسائل کے ماہر ڈاکٹر اور معزز شہریوں کے لئے کام کرنے والی سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ غیر سرکاری تنظیم مول موج فاونڈیشن کے بانی چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم نے کہا ہے کہ موبائل اور انٹرنیٹ پر دستیاب صحت سے جُڑی ہر معلومات صحیح نہیں ہوتی ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے عوام خاص طور پر بزرگوں کو صلاح دی ہے کہ وہ اس طرح کی غلط معلومات کے جھانسے میں نہ آ کر اپنی صحت بر قرار رکھیں۔

طبی کیمپ
بزرگ افراد کیلئے سرکار کے ساتھ رجسٹر شدہ رضا کار تنظیم مول موج فاؤنڈیشن کی جانب سے 11اپریل کو PM شری گورنمنٹ ہائر اسکنڈری اسکول لہروال پورہ بانڈی پورہ ، 16اپریل کو کشمیر یونیورسٹی ماڈل اسکول حضرت بل سرینگر ، 24اپریل کو ہائی کورٹ سرینگر اور30اپریل کو دودھ مرگ پلوامہ میں بزرگ افراد کیلئے مفت طبی کیمپوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے یہ طبی کیمپ جے کے بینک ہارٹ کلنک آن ویلزکے اشتراک سے فاؤنڈیشن کے چیر مین ڈاکٹر زبیر سلیم کی نگرانی میں منعقد ہو ں گے۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹوریٹ آف ہیلتھ سروسز کشمیر نے سرینگر ، پلوامہ اور بانڈی پورہ کے چیف میڈیکل افسروں کو ان طبی کیمپوں کے انعقاد میں فاؤنڈیشن کو مکمل تعاون فراہم کرنے کی ہدایت دی ہے ۔

بارہمولہ
بارہمولہ پولیس کی طرف سے ضلعے کے زم زم پورہ پنچایت بھون میں تھانہ دوس پہل کے تحت ایک عوامی دربار منعقد کیا گیا ۔ SHO جاذب احمد کی صدارت میں منعقدہ اس دربار میں مقامی لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے حصہ لیا ۔

جموں پولیس
ادھمپور ریاسی رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس شیو کمار شرما نے فوج کی شمالی کمان کے جنرل آفیسر کمانڈنگ اِن چیف کے ساتھ ادھمپور میں ایک میٹنگ کی جس دوران امن و امان کو بر قرار رکھنے میں پولیس اور فوج کے اشتراک سے متعلق مختلف پہلوؤں پر غور وخو ض کیا گیا ۔
اس دوران ضلع پونچھ کے SSP شفقت حسین کی صدارت میں پولیس کے ضلع افسران کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس میں ضلع کی مجموعی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا گیا ۔
پونچھ میں ڈاکٹری نسخوں کے بغیر ادویات کی فروخت کے رجحان پر قابو پانے کیلئے پولیس نے ڈرگ کنٹرول محکمے کے اشتراک سے ایک جامع مہم چلائی ۔اس موقعے پر ادویات فروشوں کو اپنے کاروبار کا ریکارڈ رکھنے کی ہدایت دی ۔
پونچھ کے کئی دیہات میں پولیس کے اہتمام سے منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پروگرام منعقد کئے گئے ۔
سطح آب
وادی کے مختلف علاقوں میں پچھلے چند روز کے دوران ہوئی ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشوں کی وجہ سے ندی نالوں اور دریاؤں میں پانی سطح میں کچھ اضافہ درج کیا گیا ہے۔
آبپاشی و فلڈ کنٹرول محکمے کی طر ف سے جا ری اعداد و شمار کے مطابق دریائے جہلم میں سنگم کے مقام پر پانی کی سطح 2 اعشاریہ 5 دو فٹ اور رام منشی باغ میں 6 اعشاریہ 3 آٹھ فٹ درج کی گئی۔
اسی طرح ولر جھیل میں پانی کی سطح 1 ہزار 5 سو 74 اعشاریہ ایک نو میٹر جبکہ کھڈونی کے مقام پر ویشو نالے میں2 اعشاریہ8 چار میٹر ریکارڈ کی گئی ۔ اسی طرح دُدرہامہ گاندربل میں دریائے سندھ میں صفر اعشاریہ چار میٹر سطح آب ریکارڈ کی گئی۔

ریلوے
ان بارشوں کے نتیجے میں اور سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک میں آئی رکاوٹ کے پیش نظر شمالی ریلوے آج اور کل کے لئے کٹڑہ سے بانہال تک Unreserved خصوصی ریل سروس چلا رہی ہے ، تاکہ مسافروں اور سیاحوں کو راحت مل سکے ۔
شیڈول کے مطابق یہ سروس کٹڑہ سے صبح کے دس بج کر دس منٹ پر شروع ہو کر دن میں بارہ بج کر بیس منٹ پر پہنچتی ہے جبکہ واپسی پر یہ ٹرین بانہال سے دن میں دو بجے نکل کر شام پانچ بجے کٹڑہ پہنچتی ہے ۔

LPG
حکومت جموںوکشمیر نے کہا ہے کہ یوٹی میں رسوئی گیس کی کوئی کمی نہیں ہے اور عوام کو جھوٹی افواہوں پر دھیان نہیں دینا چاہئے۔ محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کی جانب سے عوام کےلئے جا ری کی گئی ایک اشاعت کے مطابق ملک میں LPG کی پیدا وار میں 30 فیصد کا اضافہ ہوا ہے جس کے نتیجے میں اسکی دستیابی میں بہتری آگئی ہے۔
لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ شہروں میں 25 دن اور دیہات میں 45 دن کے وقفے کے بعد ہی اپنا اگلا سلنڈر آن لائن ذرائع سے بُک کرائیں۔ لوگوں کو یہ بھی صلاح دی گئی ہے کہ صرف سرکاری معلومات پر ہی اعتبار کریں۔
شوریہ دیوس
قوم آج ملک کی سلامتی فورسز کی عظیم قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے شوریہ دیوس منا رہی ہے - 1965میں آج ہی کے دن بھارت پاک جنگ کے دوران CRPF کے جوانوں نے گجرات Kutch کے میدان میں بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے پاکستان کی فوج کو دندان شکن جواب دیا میں تھا ۔آج کے دن کی مناسبت سے کئی تقریبات منعقد ہوئیں جس دوران CRPF کے بہادر جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا ۔

حلف
نایب صدر جمہوریہ اور راجیہ سبھا کے چیر مین سی پی رادھا کرشنن نے آج پارلیمنٹ ہاو

---

س نئی دلی میں؛NCP کے اجیت پوار کو راجیہ سبھا کے نو منتخبہ ممبر کی حیثیت سے حلف دلایا ۔ وہ مہاراشٹر سے منتخب ہوئے ہیں۔

اقوام متحدہ
بھارت نے اقوام متحدہ کے اقتصادی اور سماجی کونسل اداروں کے چار انتخابات میں بلا مقابلہ منتخب ہوکر بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے۔
یہ انتخابات کل اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں منعقد کئے گئے ۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے کا امکان ہے ۔
سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت17 اعشاریہ 1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 7ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔
جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 25 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 12 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔
سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر 06 منٹ اور غروب آفتاب شام6 بجکر58منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔
خبروں کا اگلا بلیٹن کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔
خدا حافظ